
# ماضی مطلق کی گردان

| صیغے | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فارسی | رفت | رفتند | رفتی | رفتید | رفتم | رفتیم |
| اردو | وہ گیا | وہ لوگ گئے | تو گیا | تم لوگ گئے | میں گیا | ہم لوگ گئے |

**ماضی قریب کے بنانے کا قاعدہ:**

ماضی مطلق کے آخر میں ''ہ است'' زیادہ کر کے ماضی قریب بناتے ہیں جیسے کرد سے کردہ است۔



# ماضی قریب کی گردان:

| صیغے | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فارسی | کردہ است | کردہ اند | کردۂ | کردہ اید | کردہ ام | کردہ ایم |
| اردو | اس نے کیا ہے | ان لوگوں نے کیا ہے | تو نے کیا ہے | تم لوگوں نے کیا ہے | میں نے کیا ہے | ہم لوگوں نے کیا ہے |



# مشق

(۱) اردو میں ترجمہ کیجیے:

خواند۔ گفتم۔ نوشتی۔ خوردند۔ رفتیم۔ نوشیدید

(۲) فارسی بنائیے:

میں نے لکھا۔ تم نے پڑھا۔ انہوں نے پالا۔ ہم نے سنا۔ تو نے کھایا۔
اس نے پیا۔ ہم نے کہا۔

(۳) اردو میں ترجمہ کیجیے:

گفتہ اید۔ نشستہ است۔ پروردہ ایم۔ گریختہ اند۔ آراستہ ام۔ پسندیدۂ۔
کردہ اند۔ خفتہ است۔

(۴) فارسی بنائیے:

وہ ابھی نہیں آیا ہے۔ تم نے پہچانا ہے۔ اس نے چکھا ہے۔ میں سویا ہوں۔
تو نے پالا ہے۔ ہم نے لکھا ہے۔ انہوں نے کہا ہے۔ میں نے سنا ہے۔

سوالات:

(i) ماضی مطلق اور ماضی قریب میں کیا فرق ہے؟
(ii) ''خواندہ اید'' کیا صیغہ ہے؟ واحد حاضر کی پہچان کیا ہے؟
(iii) ''گفت'' سے پوری گردان لکھیے۔
(iv) '' خوردم'' کون سا صیغہ ہے؟ ماضی قریب کی گردان کیجیے؟

# درسِ نہم

**ماضی بعید کی تعریف:**

وہ فعل ہے جس سے دور کے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا یا کرنا سمجھا جایے۔

**ماضی بعید بنانے کا قاعدہ:**

ماضی مطلق کے آخر میں ''ہ بود'' بڑھا کر ماضی بعید بناتے ہیں جیسے گفتہ بود۔

| صیغے | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فارسی | گفتہ بود | گفتہ بودند | گفتہ بودی | گفتہ بودید | گفتہ بودم | گفتہ بودیم |
| اردو | اس نے کہا تھا | ان لوگوں نے کہا تھا | تو نے کہا تھا | تم لوگوں نے کہا تھا | میں نے کہا تھا | ہم لوگوں نے کہا تھا |



(۱) اردو میں ترجمہ کیجیے:

رفیق ما را کتاب دادہ بود۔ ایشاں قرآن مجید خواندہ بودند۔ تو مرا خامۂ نو دادہ بودی۔ شما دیروز درمدرسہ آمدہ بودید۔ من ترا کلاہِ سیاہ دادہ بودم۔ ما روزہ ہائے رمضان داشتہ بودیم۔

(۲) فارسی بنائیے:

میں مسجد میں بیٹھا تھا۔ تو کل کہاں گیا تھا؟ مجھ کو خالد نے بلایا تھا۔ ان لوگوں نے اپنا سبق یاد کر لیا تھا۔ تم لوگوں نے نماز ادا کر لی تھی۔ ہم لوگوں نے سلام کیا تھا۔

(۳) سوالات:

(i) ماضی بعید کی تعریف کیجیے اور اس کے بنانے کا قاعدہ بتایے۔

(ii) مصدر ''پروردن'' سے ماضی بعید کی گردان لکھیے۔

(iii) ''رفتہ بودید'' کون سا صیغہ ہے؟ ''داشتہ بودیم'' کا معنی بتائیے۔

(iv) ماضی قریب اور ماضی بعید میں کیا فرق ہے؟ واضح کیجیے۔



## ماضی استمراری کی تعریف:

وہ فعل ہے جس سے گزرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا پورا نہ ہونا سمجھا جایے۔
اسی لیے اس کو ماضی ناتمام بھی کہتے ہیں۔

## ماضی استمراری بنانے کا قاعدہ:

ماضی مطلق کے شروع میں ''می یا ہمی'' زیادہ کر کے ماضی استمراری بناتے ہیں۔
جیسے می خواند۔

## ماضی استمراری کی گردان:

| صیغے | واحد غائب | جمع غائب | واحد حاضر | جمع حاضر | واحد متکلم | جمع متکلم |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فارسی | می خواند | می خواندند | می خواندی | می خواندید | می خواندم | می خواندیم |
| اردو | وہ پڑھتا تھا | وہ لوگ پڑھتے تھے | تو پڑھتا تھا | تم لوگ پڑھتے تھے | میں پڑھتا تھا | ہم لوگ پڑھتے تھے |